وظائفِ زوجین

یعنی

شادی بیاہ اور ازدواجی زندگی کے مجرب وظائف

مفتی محمد طلحہ نظامی

MAKTABA USMANIA
RAWALPINDI
مکتبہ عثمانیہ راولپنڈی



- شادی بیاہ کے مجرب وظائف
- میاں بیوی سے متعلق مجرب وظائف
- اولاد سے متعلق مجرب وظائف
- جسمانی بیماریوں سے متعلق مجرب وظائف
- متفرق ومفید وظائف



www.ahnafmedia.com

وظائفِ زوجین

یعنی

شادی بیاہ اور ازدواجی زندگی کے مجرب وظائف

مفتی محمد طلحہ نظامی

فاضل جامعہ دارالعلوم کراچی ۱۴

MAKTABA USMANIA
RAWALPINDI
مکتبہ عثمانیہ راولپنڈی

مکتبہ عثمانیہ

اعظم مارکیٹ، اقبال روڈ، کمیٹی چوک،
راولپنڈی۔فون: 0333-5141413

www.abuaetna.com

جملہ حقوق بحق ناشر محفوظ ہیں

نام کتاب : وظائف زوجین

نام مؤلف : مفتی محمد طلحہ نظامی

ناشر : مکتبہ عثمانیہ اعظم مارکیٹ، اقبال روڈ کمیٹی چوک راولپنڈی

قیمت : -/100 روپے

ہماری مطبوعات ملنے کے پتے :

- کتب خانہ رشیدیہ راجہ بازار راولپنڈی
- اسلامی کتاب گھر راولپنڈی
- مکتبہ صفدریہ راولپنڈی
- مکتبہ الفاروق راولپنڈی
- مکتبہ شیخ الہند کوہاٹی بازار راولپنڈی
- اسلامی کتب خانہ لاہور
- نور محمد کتب خانہ آرام باغ۔ کراچی
- مکتبہ عمر فاروق کراچی
- فارقی کتب خانہ اکوڑہ خٹک
- مکتبہ حقانیہ ملتان

..... درخواست .....

ایک مسلمان بحیثیت مسلمان قرآن پاک، کتب تفاسیر، کتب احادیث، دینی کتب، درسی کتب اور دیگر اسلامی لٹریچر میں جان بوجھ کر غلطی کرنے کا تصور بھی نہیں کرسکتا۔

لیکن تصحیح، اصلاح الفاظ اور پروف ریڈنگ کے پھر پور اہتمام کے باوجود بحیثیت انسان سہو غلطی ہو جانا بعید از عقل نہیں۔ اس اہتمام کثیر کے باجود بھی اگر آنجناب کسی غلطی پر مطلع ہوں یا مزید معیار سے متعلق اپنا قیمتی مشورہ دینا چاہتے ہوں تو ہم آپ کی اطلاع اور اصلاحی مشورہ کے منتظر ہیں، اطلاع کے بعد اگلے ایڈیشن میں آپ کی بتائی ہوئی غلطی کو انشاء اللہ تعالی درست کر کے شائع کیا جائے گا۔ ہم آپ کے تعاون پر آپ کے شکر گزار رہیں گے۔ (منتظمین ادارہ)

عرض مرتب

الحمد لأهله والصلوة والسلام لأهلها

امراض اور پریشانیوں سے نجات حاصل کرنے کے لئے فطری طور پر کل تین صورتیں ہیں (۱) دواء (۲) دعا (۳) تعویذ۔ یہ تینوں گویا انسان کے حق میں علاج اور تدبیریں ہیں۔

عموماً آج کل کے زمانے میں اکثر خواتین وحضرات صرف دواء والی صورت پر ہی عمل کرتے ہیں، باقی دونوں صورتوں کے قریب بھی نہیں جاتے، یوں نہیں کرنا چاہئے بلکہ دوا کے ساتھ ساتھ دعا اور وظائف بھی پڑھنے چاہئیں اور یقین کے ساتھ ان پر عمل کرنا چاہئے۔

البتہ اس زمانے بھی بعض خواتین وحضرات ایسے ہیں جو مسنون دعاؤں اور ماثور وظائف سے اپنی پریشانیوں اور بیماریوں کا علاج کرتے ہیں، ایسے لوگ گھریلو حالات اور پریشانیوں سے متعلقہ دعاؤں اور وظائف کے بارے میں دریافت کرتے ہیں کہ ایسی کوئی کتاب بتائیں جس میں گھریلو بیماریوں کے وظائف ہوں، انہیں کسی ایک کتاب کے بارے میں بتانا مشکل ہوتا تھا کہ فلاں کتاب گھریلو زندگی سے متعلقہ وظائف پر مشتمل ہے کیونکہ اب تک کوئی کتاب گھریلو زندگی سے متعلق وظائف پر مفصل وجامع نہیں تھی۔

دل میں اللہ تعالی نے یہ داعیہ پیدا کیا کہ ان پریشان حال لوگوں کو مزید پریشانی سے بچایا جائے اور ان کے لئے گھریلو زندگی سے متعلق وظائف اکابر کی کتب سے الگ کر کے یکجا جمع کر دیئے جائیں تاکہ مقصد کے حصول میں آسانی ہو۔

ان وظائف کو نیک نیتی، خلوص اور یقین وایمان کے ساتھ لکھے ہوئے طریقے کے مطابق ہر شخص پڑھ سکتا ہے، اس طریقے سے پڑھنے سے انشاء اللہ ضرور فائدہ ہوگا۔

اس کتاب سے فائدہ حاصل کرنے والے خواتین وحضرات سے گزارش ہے کہ وہ اپنی مقبول دعاؤں میں راقم الحروف کو بھی یاد رکھیں۔ اللہ تعالی سے ستدعا ہے کہ وہ اس مجموعہ (وظائف زوجین) کو راقم الحروف کے لئے، اس کے اساتذہ ووالدین کے لئے ذخیرہ آخرت بنائے اور امت فائدے کے لئے مزید خدمات سرانجام دینے کی توفیق نصیب فرمائے۔

راقم الحروف

محمد طلحہ نظامی

فاضل جامعہ دار العلوم کراچی ۱۴

۱۸ رمضان المبارک ۱۴۲۸ھ

www.ahnafmedia.com

باب اول

شادی بیاہ کے مجرب وظائف

۱.....پیغام نکاح کے قبول ہونے کا وظیفہ 18

۲.....شادی کے لئے وظیفہ 18

۳.....لڑکیوں کے بکثرت پیغام نکاح کا وظیفہ 19

۴.....بیٹی بیٹے کی شادی کے لئے مجرب وظیفہ 19

۵.....جس لڑکی کا پیغام نہ آتا ہو اس کیلئے وظیفہ 19

۶.....شادی میں بندش کا درود ابراہیمی سے حل 20

۷.....ظالم شوہر کے ظلم سے بچنے کا درود شریف 20

۸.....من پسند رشتہ کے لئے درود شریف 21

۹.....نئی دلہن کی پیشانی پکڑ کر یہ دعا پڑھے 22

۱۰.....برے رشتے سے بچنے کا پہلا وظیفہ 22

۱۱.....برے رشتے سے بچنے کا دوسرا وظیفہ 23

۱۲.....برے شوہر، سسرال سے بچنے کا پہلا وظیفہ 23

۱۳.....برے شوہر، سسرال سے بچنے کا دوسرا وظیفہ 24

۱۴.....اچھا رشتہ ملنے کی اہم دعا 24

۱۵.....شادی کے بعد کی پہلی دعا 25

۱۶.....شادی کے بعد کی دوسری دعا 25

۱۷.....شادی کے بعد کی تیسری دعا 26

۱۸.....عورتوں کے لئے ایک اہم دعا 26

باب دوم

میاں بیوی سے متعلق مجرب وظائف

۱۹.....زوجین میں محبت کے لئے پہلا وظیفہ 28

۲۰.....زوجین میں محبت کے لئے دوسرا وظیفہ 29

۲۱.....میاں بیوی میں مثالی محبت کا مجرب درود 29

۲۲..... قلبی محبت کے لئے وظیفہ 30

۲۳.....ناراض شوہر کو راضی کرنے کا پہلا وظیفہ 30

۲۴.....ناراض شوہر کو راضی کرنے کا دوسرا وظیفہ 31

۲۵.....میاں کی محبت یا بیوی کی محبت کا مجرب وظیفہ 31

۲۶.....محبت بڑھانے کا مجرب وظیفہ 31

۲۷.....میاں بیوی میں اتفاق پیدا کرنیکا پہلا وظیفہ 32

۲۸.....ظالم شوہر کے ظلم سے نجات کے لئے آزمودہ درود شریف 32

۲۹.....نئی دلہن کے لئے خاص وظیفہ 33

۳۰.....گھریلو اختلافات دور کرنے کا وظیفہ 33

۳۱.....اہل خاندان کی باہمی محبت کے لئے وظیفہ 34

۳۲.....دلی محبت کے لئے پہلا وظیفہ 34

۳۳.....دلی محبت کے لئے دوسرا وظیفہ 35

۳۴.....دلی محبت کے لئے تیسرا وظیفہ 35

۳۵.....محبت زوجہ و ترقی روزگار کا پانچواں وظیفہ 35

۳۶.....دلی محبت کے لئے چھٹا وظیفہ 36

۳۷.....دلی محبت کے لئے ساتواں وظیفہ 36

www.ahnafmedia.com

۳۸.....دلی محبت کے لئے آٹھواں وظیفہ 37
۳۹.....دلی محبت کے لئے نواں وظیفہ 37
۴۰.....دلی محبت کے لئے دسواں وظیفہ 37
۴۱.....شوہر کو مہربان کرنے کیلئے وظیفہ 38

باب سوم

اولاد سے متعلق مجرب وظائف

۴۲.....اولاد کی کامیابی کے لئے بہترین درود شریف 40
۴۳.....اولاد کی پیدائش کے لئے پہلا وظیفہ 40
۴۴.....اولاد کی پیدائش کے لئے دوسرا وظیفہ 41
۴۵.....ولادت میں سہولت کے لئے پہلا وظیفہ 41
۴۶.....ولادت میں سہولت کے لئے دوسرا وظیفہ 42
۴۷.....ولادت میں سہولت کے لئے تیسرا وظیفہ 42
۴۸.....ولادت میں سہولت کے لئے چوتھا وظیفہ 42
۴۹.....نس بندی ختم کرنے کا پہلا وظیفہ 43
۵۰.....نس بندی ختم کرنے کا دوسرا وظیفہ 43
۵۱.....حفاظت حمل کا پہلا وظیفہ 43
۵۲.....حفاظت حمل کا دوسرا وظیفہ 44
۵۳.....حفاظت حمل کا تیسرا وظیفہ 44
۵۴.....حفاظت حمل کا چوتھا وظیفہ 45
۵۵.....حفاظت حمل کا پانچواں وظیفہ 45
۵۶.....حفاظت حمل کا چھٹا وظیفہ 46
۵۷..... حفاظت حمل کا ساتواں وظیفہ 46

۵۸.....حفاظت مال وعیال کے لئے وظیفہ 46
۵۹.....بچوں کو بیماریوں سے محفوظ رکھنے کا وظیفہ 46
۶۰.....حفاظت بچہ کے لئے وظیفہ 47
۶۱.....بچوں کی نشوونما کے لئے وظیفہ 47
۶۲.....بچوں کو بیماریوں سے محفوظ رکھنے کا وظیفہ 48
۶۳.....اولاد کے فرمانبردار ہونے کا پہلا وظیفہ 48
۶۴.....اولاد کے فرمانبردار ہونے کا دوسرا وظیفہ 48
۶۵.....زندہ نہ رہنے والے بچے کے لئے وظیفہ 48
۶۶.....استقرار حمل کے لئے پہلا وظیفہ 49
۶۷.....استقرار حمل کے لئے دوسرا وظیفہ 49
۶۸.....استقرار حمل کے لئے تیسرا وظیفہ 51
۶۹.....استقرار حمل کے لئے چوتھا وظیفہ 51
۷۰.....استقرار حمل کے لئے پانچواں وظیفہ 52
۷۱.....استقرار حمل کے لئے چھٹا وظیفہ 53
۷۲.....استقرار حمل کے لئے ساتواں وظیفہ 54
۷۳.....حمل ضائع ہونے سے بچنے کا پہلا وظیفہ 54
۷۴.....حمل ضائع ہونے سے بچنے کا دوسرا وظیفہ 54
۷۵.....حمل ضائع ہونے سے بچنے کا تیسرا وظیفہ 55
۷۶.....حمل ضائع ہونے سے بچنے کا چوتھا وظیفہ وتعویذ 55
۷۷.....نرینہ اولاد کے لئے پہلا وظیفہ 56
۷۸.....نرینہ اولاد کے لئے دوسرا وظیفہ 56
۷۹.....نرینہ اولاد کے لئے تیسرا وظیفہ 56
۸۰.....نرینہ اولاد کے لئے چوتھا وظیفہ 57

www.ahnafmedia.com

۸۱..... نرینہ اولاد کے لئے پانچواں وظیفہ	57
۸۲.....نرینہ اولاد کے لئے چھٹا وظیفہ	57
۸۳.....اولاد زندہ رہنے کا وظیفہ	58
۸۴.....ولادت میں آسانی کا پہلا وظیفہ	58
۸۵.....ولادت میں آسانی کا دوسرا وظیفہ	59
۸۶.....مردہ بچہ کو پیٹ سے نکالنے کا وظیفہ	59
۸۷..... پیٹ میں خشک ہونے والے کیلئے وظیفہ	59
۸۸.....ماں کا دودھ نہ پینے والے کیلئے پہلا وظیفہ	60
۸۹.....ماں کا دودھ نہ پینے والے کیلئے دوسرا وظیفہ	60
۹۰..... بچہ کا دودھ چھڑانے کے لئے پہلا وظیفہ	60
۹۱..... بچہ کا دودھ چھڑانے کے لئے دوسرا وظیفہ	61
۹۲.....آسانی کیساتھ بچہ کے دانت نکلنے کا پہلا وظیفہ	61
۹۳.....آسانی کیساتھ بچہ کے دانت نکلنے کا دوسرا وظیفہ	61
۹۴..... بچہ کے رونے کو کم کرنے کا پہلا وظیفہ	61
۹۵..... بچہ کے رونے کو کم کرنے کا دوسرا وظیفہ	62
۹۶..... بچہ کے رونے کو کم کرنے کا تیسرا وظیفہ	62
۹۷..... بچہ کے رونے کو کم کرنے کا چوتھا وظیفہ	63
۹۸..... بچہ کے رونے کو کم کرنے کا پانچواں وظیفہ	63
۹۹..... بچہ کے رونے کو کم کرنے کا چھٹا وظیفہ	63
۱۰۰.....رونے، ڈرنے اور نظر بد سے حفاظت کا وظیفہ	63
۱۰۱.....ڈرنے والے بچہ کے لئے وظیفہ	64
۱۰۲.....نہ بولنے والے بچے کے لئے پہلا وظیفہ	64
۱۰۳.....نہ بولنے والے بچے کے لئے دوسرا وظیفہ	64

۱۰۴.....نہ چل سکنے والے بچے کے لئے وظیفہ	65
۱۰۵.....بستر پر پیشاب کرنے والے بچے کے لئے وظیفہ	65
۱۰۶.....کمزور بچے کی صحت کے لئے پہلا وظیفہ	65
۱۰۷.....کمزور بچے کی صحت کے لئے دوسرا وظیفہ	66
۱۰۸..... بے اولاد افراد کے لئے انمول وظیفہ	66
۱۰۹.....اولاد کے حصول کے لئے پہلا وظیفہ	67
۱۱۰.....اولاد کے حصول کے لئے دوسرا وظیفہ	67
۱۱۱.....اولاد کے حصول کے لئے تیسرا وظیفہ	67
۱۱۲.....اولاد کے حصول کے لئے چوتھا وظیفہ	68
۱۱۳.....اولاد کے حصول کے لئے پانچواں وظیفہ	68
۱۱۴.....اولاد کے حصول کے لئے چھٹا وظیفہ	68
۱۱۵.....اولاد کے حصول کے لئے ساتواں وظیفہ	69
۱۱۶.....اولاد کے حصول کے لئے آٹھواں وظیفہ	69
۱۱۷.....اولاد کے حصول کے لئے نواں وظیفہ	69
۱۱۸.....بچوں کے جلدی امراض کے لئے وظیفہ	69
۱۱۹..... تسہیل ولادت کے لئے	70
۱۲۰..... برائے اولاد	70
۱۲۱..... برائے ولادت نیک وصالح فرزند	70
۱۲۲..... برائے صالح اولاد	70
۱۲۳.....ولادت میں آسانی کے لئے وظیفہ	71
۱۲۴..... نظر بد کے لئے	71
۱۲۵.....نظر بد ختم کرنے کا وظیفہ	72
۱۲۶..... بچہ کو تمام آفات سے محفوظ رکھنے کا وظیفہ	72

WWW.NAFSEISLAM.COM

۱۲۷..... نیک بچہ پیدا ہونے کے لئے وظیفہ 72
۱۲۸..... مال واولاد کی حفاظت کا پہلا وظیفہ 72
۱۲۹..... مال واولاد کی حفاظت کا دوسرا وظیفہ 73
۱۳۰..... مال واولاد کی حفاظت کا تیسرا وظیفہ 73
۱۳۱..... مال یا بیٹا گم ہونے کا وظیفہ 74
۱۳۲..... مال اور گاڑی کی حفاظت کا وظیفہ 74

باب چہارم

جسمانی بیماریوں کے مجرب وظائف

۱۳۳..... نس بندی ختم کرنے کا پہلا وظیفہ 76
۱۳۴..... نس بندی ختم کرنے کا دوسرا وظیفہ 76
۱۳۵..... چہرے کے کیل مہاسوں کا ایک اہم نسخہ 77
۱۳۶..... داغ دھبوں کا علاج 77
۱۳۷..... چہرے اور پشت کے مسوں کا علاج 77
۱۳۸..... جریان ختم کرنے کا پہلا وظیفہ 78
۱۳۹..... جریان ختم کرنے کا دوسرا وظیفہ 78
۱۴۰..... کثرتِ احتلام ختم کرنے کا پہلا وظیفہ 78
۱۴۱ ..... کثرت احتلام ختم کرنے کا دوسرا وظیفہ 79
۱۴۲ ..... سرعتِ انزال کو دور کرنے کا مجرب وظیفہ 79
۱۴۳ ..... کثرت خواہش کو کم کرنے کا پہلا وظیفہ 79
۱۴۴..... کثرت خواہش کو کم کرنے کا دوسرا وظیفہ 80
۱۴۵..... حیض کی کمی اور درد کو ختم کرنے کا پہلا وظیفہ 80
۱۴۶..... حیض کی کمی اور درد کو ختم کرنے کا دوسرا وظیفہ 81

۱۴۷..... حیض کے درد کو ختم کرنے کا وظیفہ 81
۱۴۸..... کثرتِ حیض کو کم کرنے کا وظیفہ 81
۱۴۹..... لیکوریا ختم کرنے کا پہلا وظیفہ 81
۱۵۰..... لیکوریا ختم کرنے کا دوسرا وظیفہ 82
۱۵۱..... رحم کے درد کو ختم کرنے کا وظیفہ 82
۱۵۲..... سینہ ابھارنے کا وظیفہ 82
۱۵۳..... سینہ کی سوجن کو ختم کرنے کا وظیفہ 83
۱۵۴..... سینہ کے درد کو ختم کرنے کا وظیفہ 83
۱۵۵..... دودھ کی کمی کو ختم کرنے کا وظیفہ 83
۱۵۶..... عورت کا دودھ بڑھانے کا پہلا وظیفہ 84
۱۵۷..... عورت کا دودھ بڑھانے کا تیسرا وظیفہ 84
۱۵۸..... عورت کے دودھ بڑھانے کا چوتھا وظیفہ 84
۱۵۹..... بانجھ پن ختم کرنے کا پہلا وظیفہ 84
۱۶۰..... بانجھ پن ختم کرنے کا دوسرا وظیفہ 85
۱۶۱..... بانجھ پن ختم کرنے کا تیسرا وظیفہ 85
۱۶۲..... بانجھ پن ختم کرنے کا چوتھا وظیفہ 86
۱۶۳..... خروج مشیمہ کے لئے وظیفہ 86
۱۶۴..... مرض کمیڑا کو ختم کرنے کا پہلا وظیفہ 87
۱۶۵..... مرض کمیڑا کو ختم کرنے کا دوسرا وظیفہ 87
۱۶۶..... نامردی کو دور کرنے کا پہلا وظیفہ 87
۱۶۷..... نامردی دور کرنے کا دوسرا وظیفہ 88
۱۶۸..... شہوت نفسانی پر غالب ہونے کا وظیفہ 88
۱۶۹..... برائے حفاظت احتلام 88

WWW.NAFSEISLAM.COM

۱۷۰..... برائے حفاظت احتلام 89

۱۷۱..... برائے حفاظت احتلام 89

۱۷۲..... برائے قدرت جماع 89

۱۷۳..... برائے امساک 90

۱۷۴..... برائے دفع استرخاء عضو تناسل 90

باب پنجم

چند متفرق مفید وظائف

۱۷۵..... زیارت نبی ﷺ کا وظیفہ 92

۱۷۶.....نظر بد ختم کرنے کا وظیفہ 93

۱۷۷.....جمعہ کی نماز کے بعد گناہ معاف کرانے کا وظیفہ 93

۱۷۸.....نیند کا وظیفہ 94

۱۷۹..... آیات شفاء 94

۱۸۰.....مرض سے شفا کا پہلا وظیفہ 95

۱۸۱.....مرض سے شفا کا دوسرا وظیفہ 96

۱۸۲..... ہر قسم کے درد کا پہلا وظیفہ 96

۱۸۳..... ہر قسم کے درد کا دوسرا وظیفہ 96

۱۸۴.....آنکھ دکھنے کی دعا 96

۱۸۵..... پیٹ کے درد کا وظیفہ 97

۱۸۶.....دستوں اور پیٹ کے دیگر امراض کا وظیفہ 97

۱۸۷..... سر کے درد کا پہلا وظیفہ 97

۱۸۸..... سر کے درد کا دوسرا وظیفہ 97

۱۸۹.....غم سے نجات کا وظیفہ 98

۱۹۰..... چوری چکاری سے حفاظت کا وظیفہ 98

۱۹۱.....خاوند کا غصہ ختم کرنے کا وظیفہ 98

۱۹۲.....نافرمان اولاد اور بیوی کے لئے وظیفہ 98

۱۹۳.....نافرمان کو فرمانبردار کرنے کا وظیفہ 99

۱۹۴.....نیک اولاد کا پہلا وظیفہ 99

۱۹۵.....نیک اولاد کا دوسرا وظیفہ 99

۱۹۶.....ناف ٹل جانے کا وظیفہ 99

۱۹۷.....جگر یا تلی کا بڑھ جانے کا وظیفہ 100

۱۹۸.....دل کے درد سے حفاظت اور شفاء کا وظیفہ 100

۱۹۹.....نظر لگنے یا بچے کا سوتے میں رونے اور ڈرنے کا وظیفہ 101

۲۰۰..... بخار سے نجات کا وظیفہ 101

۲۰۱..... ہر بیماری سے حفاظت کا وظیفہ 102

۲۰۲.....رزق میں کشادگی اور بیروزگاری سے نجات کا وظیفہ 102

۲۰۳..... ہر مقصد میں کامیابی وظیفہ 102

۲۰۴..... سحر و آسیب سے حفاظت کا وظیفہ 103

۲۰۵.....دل کے ہول کا پہلا وظیفہ 103

۲۰۶.....دل کے ہول کا دوسرا وظیفہ 103

۲۰۷.....دشواری یا رکاوٹ کیلئے پہلا وظیفہ 104

۲۰۸.....دشواری یا رکاوٹ کیلئے دوسرا وظیفہ 104

۲۰۹.....گمشدہ چیز یا بچہ کی واپسی کا وظیفہ 104

۲۱۰..... بدشگونی سے بچنے کا وظیفہ 104

۲۱۱.....دشمن کے شر سے حفاظت کا وظیفہ 105

۲۱۲.....بچیوں کے رشتہ کیلئے مجرب وظیفہ 105

www.ahnafmedia.com

۲۱۳.....بے روزگاری سے نجات کا وظیفہ	105
۲۱۴.....کاروبار میں برکت کا پہلا وظیفہ	106
۲۱۵.....کاروبار میں برکت کا دوسرا وظیفہ	106
۲۱۶.....کاروبار میں برکت کا تیسرا وظیفہ	106
۲۱۷.....وظیفہ برائے بازیابیٔ سرمایا	106
۲۱۸.....جوڑوں اور گھٹنوں کے درد کا وظیفہ	107
۲۱۹.....یرقان سے نجات کا وظیفہ	107
۲۲۰.....حمل کی حفاظت کا وظیفہ	107
۲۲۱.....ولادت میں سہولت کا وظیفہ	108
۲۲۲..... بلغمی امراض کا وظیفہ	108
۲۲۳.....دکان میں برکت کا وظیفہ	108
۲۲۴.....کان کے درد کا وظیفہ	109
۲۲۵.....دعائے حضرت انس رضی اللہ عنہ	109
۲۲۶.....دعائے ابوالدرداء	110
۲۲۷.....پھوڑے پھنسی کا علاج نبوی	110
۲۲۸.....ملازمت کے لئے خاص مجرب عمل	111
۲۲۹.....حالت مرض کا خاص وظیفہ	112
۲۳۰.....ڈاڑھ اور کان کے درد سے بچنے کا خاص وظیفہ	112
۲۳۱.....عافیت کیساتھ گھر لوٹنے کا وظیفہ	112
۲۳۲.....موت کے سوا ہر چیز سے امن کا وظیفہ	113
۲۳۳.....غم اور فکر کو دور کرنے کیلئے علامہ الوسیؒ کا وظیفہ	114
۲۳۴.....پتھری ختم کرنے کا مجرب وظیفہ	114
۲۳۵.....موذی جانور اور دشمن سے حفاظت کا وظیفہ	114

۲۳۶.....مقدمہ میں کامیابی کا مجرب وظیفہ	115
۲۳۷.....جادو کا اثر ختم کرنے کا مجرب وظیفہ	115
۲۳۸.....خاوند کی حرام کمائی سے نجات کا مجرب وظیفہ	115
۲۴۰.....خاوند کی حرام کاری سے نجات کا مجرب وظیفہ	116
۲۴۱.....اولاد کو عالم، حافظ اور ذہین بنانے کا مجرب وظیفہ	116
۲۴۲.....حصول عزت اور نام پیدا کرنے کا وظیفہ	117
۲۴۳.....امتحان میں کامیابی کے لئے پہلا وظیفہ	117
۲۴۴.....امتحان میں کامیابی کے لئے دوسرا وظیفہ	117
۲۴۵.....ذہن کو قوی کرنے کا مجرب وظیفہ	118
۲۴۶.....قوت حافظہ بڑھانے کا پہلا وظیفہ	119
۲۴۷.....قوت حافظہ بڑھانے کا دوسرا وظیفہ	119
۲۴۸.....قوت حافظہ بڑھانے کا تیسرا وظیفہ	119
۲۴۹.....قوت حافظہ بڑھانے کا چوتھا وظیفہ	119
۲۵۰.....قوت حافظہ بڑھانے کا پانچواں وظیفہ	120
۲۵۱..... پڑھائی میں دل لگنے کا پہلا وظیفہ	120
۲۵۲..... پڑھائی میں دل لگنے کا دوسرا وظیفہ	120
۲۵۳..... پڑھائی میں دل لگنے کا تیسرا وظیفہ	121
۲۵۴.....ذہن تیز کرنے کا پہلا وظیفہ	121
۲۵۵.....ذہن تیز کرنے کا دوسرا وظیفہ	121
۲۵۶.....ذہن تیز کرنے کا تیسرا وظیفہ	121
۲۵۷..... سبق یاد رکھنے کا پہلا وظیفہ	122
۲۵۸..... سبق یاد رکھنے کا دوسرا وظیفہ	122
۲۵۹.....امتحان میں اعلی پوزیشن حاصل کرنے کا وظیفہ	122

WWW.NAFSEISLAM.COM

۲۶۰.....حفظِ قرآن میں آسانی کا وظیفہ	123
۲۶۱.....نہ سمجھ آنے والی بیماری کا وظیفہ	123
۲۶۲.....یرقان سے نجات کا وظیفہ	123
۲۶۳.....حج کی سعادت حاصل کرنے کا وظیفہ	124
۲۶۴.....چہرے اور دل کی نورانیت بڑھانے کا وظیفہ	124
۲۶۵.....ظالم شخص کے خلاف مجرب وظیفہ	125
۲۶۶.....دشمن کی تکلیف سے محفوظ رہنے کا وظیفہ	125
۲۶۷.....نئے کاروبار سے پہلے کا وظیفہ	125
۲۶۸.....جھوٹے مقدمے اور تہمت کا وظیفہ	126
۲۶۹.....رزق کی تنگی دور کرنے کا وظیفہ	126
۲۷۰.....ہمیشہ کی صحت و تندرستی کا وظیفہ	126
۲۷۱.....لاعلاج مرض کا مجرب وظیفہ	127
۲۷۲.....پاگل پنی سے نجات کا مجرب وظیفہ	127
۲۷۳.....کاروبار میں خسارے کے وقت کا وظیفہ	128
۲۷۴.....سیدھی راہ اور دل کی غفلت دور کرنے وظیفہ	128
۲۷۵.....بدنامی اور بے عزتی سے بچنے کا وظیفہ	128

مکتبہ عثمانیہ

اقبال روداعظم مارکیٹ کمیٹی چوک راولپنڈی 0333-5141413

باب اول

شادی بیاہ کے مجرب وظائف

www.ahnafmedia.com

باب اول

شادی بیاہ کے مجرب وظائف

۱..... پیغام نکاح کے قبول ہونے کا پہلا وظیفہ:

درج ذیل آیت کو کاغذ پر لکھ کر بازو پر باندھیں، انشاءاللہ جہاں پیغام نکاح بھیجیں گے، منظور ہوگا ۔ وہ آیت یہ ہے: (اعمال قرآنی:۷۳)

قُلْ إِنَّ الْفَضْلَ بِيَدِ اللهِ يُؤْتِيهِ مَنْ يَشَاءُ وَاللهُ وَاسِعٌ عَلِيمٌ يَخْتَصُّ بِرَحْمَتِهِ مَنْ يَشَاءُ وَاللهُ ذُوالْفَضْلِ الْعَظِيمِ .

۲.....شادی کے لئے وظیفہ:

درج ذیل آیت کو کاغذ پر لکھ کر بازو پر باندھیں، انشاءاللہ اگر شادی نہ ہوئی ہو تو انشاءاللہ شادی ہو جائے گی۔ وہ آیت یہ ہے: (اعمال قرآنی)

وَلَا تَمُدَّنَّ عَيْنَيْكَ إِلٰى مَا مَتَّعْنَا بِهٖ أَزْوَاجًا مِنْهُمْ زَهْرَةَ الْحَيٰوةِ الدُّنْيَا لِنَفْتِنَهُمْ فِيهِ وَرِزْقُ

رَبِّكَ خَيْرٌ وَّأَبْقٰى وَأْمُرْ أَهْلَكَ بِالصَّلٰوةِ وَاصْطَبِرْ عَلَيْهَا لَانَسْئَلُكَ رِزْقًا نَحْنُ نَرْزُقُكَ وَالْعَاقِبَةُ لِلتَّقْوٰى

۳.....لڑکیوں کے بکثرت پیغام نکاح کا وظیفہ:

لڑکیوں کے پیغامات بکثرت آنے کے لئے سورہ احزاب کو ہرن کی جھلی یا کاغذ پر لکھ کر ایک ڈبہ میں بند کر کے گھر میں رکھ دیں۔ (اعمال قرآنی:۱۳۰)

۴..... بیٹی بیٹے کی شادی کے لئے مجرب وظیفہ:

اگر کسی شخص کے بیٹے یا بیٹی کی شادی نہ ہوتی ہو اور وہ چاہے کہ اچھی جگہ اور جلدی شادی ہو جائے تو تین ہزار تین سو مرتبہ عشاء کی نماز کے بعد اکیس روز تک درج ذیل آیت کو پڑھے اور اول و آخر میں درود شریف گیارہ مرتبہ پڑھے۔ وہ آیت یہ ہے:

سُبْحٰنَ الَّذِي خَلَقَ الْأَزْوَاجَ كُلَّهَا مِمَّا تُنْبِتُ الْأَرْضُ وَمِنْ أَنْفُسِهِمْ وَمِمَّا لَايَعْلَمُوْنَ .

انشاءاللہ اس عرصہ میں مراد حاصل ہوگی، یہ مجرب ہے (طب روحانی)

۵.....جس لڑکی کا پیغام نہ آتا ہو اس کیلئے وظیفہ:

جس شخص کی لڑکی کنواری بیٹھی ہو اور کوئی سامان جہیز یا کسی جگہ پیغام نہ آتا ہو وہ شخص گیارہ ہزار مرتبہ عشاء کی نماز کے بعد "یا مغنی" گیارہ دن تک

WWW.NAFSEISLAM.COM

اس طرح پڑھے کہ جمعرات سے شروع کرے اور سوموار کی رات ختم کرے، پھر دیکھے پردۂ غیب سے کیا ظاہر ہوتا ہے۔ (طب روحانی: ۵۵)

۶ .....شادی میں بندش کا درود ابراہیمی سے حل:

اگر کسی لڑکی یا لڑکے کی شادی میں رکاوٹ یا سرے سے رشتہ آتا ہی نہ ہو تو لڑکا یا لڑکی اور اس کی ماں صبح فجر کی نماز کے بعد اور شام کو مغرب کے بعد پانچ سو مرتبہ درود ابراہیمی پڑھ کر دعا کریں تو بہت جلد نیک اور اچھے رشتہ کا اللہ انتظام کر دیتے ہیں اور رکاوٹ دور ہو جاتی ہے۔ (ذریعۃ الوصول الی جناب الرسول)

اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی مُحَمَّدٍ ، وَّعَلٰی آلِ مُحَمَّدٍ ، کَمَا صَلَّیْتَ عَلٰی اِبْرَاھِیْمَ ، وَعَلٰی آلِ اِبْرَاھِیْمَ ، اِنَّکَ حَمِیْدٌ مَّجِیْدٌ O اَللّٰھُمَّ بَارِکْ عَلٰی مُحَمَّدٍ ، وَّعَلٰی آلِ مُحَمَّدٍ ، کَمَا بَارَکْتَ عَلٰی اِبْرَاھِیْمَ ، وَعَلٰی آلِ اِبْرَاھِیْمَ ، اِنَّکَ حَمِیْدٌ مَّجِیْدٌ O

۷ .....ظالم شوہر کے ظلم سے نجات اور تنگ دستی سے حفاظت کے لئے آزمودہ درود شریف:

اگر شوہر مار پیٹ اور ظلم وستم کرتا ہو یا کوئی تنگ دستی یا محتاجی کا شکار ہو تو وہ یہ درود شریف بعد نماز فجر اور بعد نماز مغرب یا عشاء ۱۷ بار پڑھ کر دعا کرے تو انشاء اللہ تعالیٰ شوہر بیوی پر مہربان ہو جائے گا اور محتاجی و تنگدستی سے بھی محفوظ رہے گا۔

اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ ، صَاحِبِ الْفَرْقِ وَالْفُرْقَانِ وَجَامِعِ الْوَرَقِ وَ الْقُرْآنِ، وَعَلٰی آلِ مُحَمَّدٍ وَّسَلِّمْ O

ترجمہ: .....اے اللہ! رحمت نازل فرما، ہمارے آقا محمد ﷺ پر جو صحیح اور غلط کے درمیان فرق کرنے والے اور حق و باطل کے درمیان فیصلہ کرنے والے ہیں اور اوراق مصحف کے جمع کرنے والے اور رحمت نازل فرما حضرت محمد ﷺ کی آل پر اور سلام نازل فرما۔

۸ .....من پسند رشتہ کے لئے درود شریف:

جو چاہے کہ اسے من پسند رشتہ ملے اور ظاہر و باطن دونوں اعتبار سے باکمال ہو تو اسے چاہئے کہ عشاء کے بعد تہجد کے وقت گیارہ سو گیارہ مرتبہ یہ درود شریف پڑھ کر بارگاہ الٰہی میں دعا گو ہو تو حق تعالیٰ شانہ اس کی جائز دلی مراد پوری کر دیں گے اور اس رشتہ سے باہم الفت و محبت نصیب ہوگی مدت عمل اکیانوے دن ہے۔

اَلْحَمْدُ لِلّٰہِ ذِی الْعِزَّۃِ وَالْکِبْرِیَاءِ وَصَلَّی اللّٰہُ عَلٰی مُحَمَّدٍ خَاتَمِ الْاَنْبِیَاءِ O

ترجمہ: .....تمام تعریفیں اللہ تعالیٰ کے لئے ہیں، جو عزت و کبریائی کا مالک ہے، اور اللہ تعالیٰ رحمت نازل فرمائے حضرت محمد ﷺ خاتم الانبیا ﷺ پر۔

www.ahlehaqfmedia.com

۹.....نئی دلہن کی پیشانی پکڑ کر یہ دعا پڑھے:

اَللّٰھُمَّ إِنِّیْ أَسْئَلُکَ مِنْ خَیْرِھَا وَخَیْرِ مَاجَبِلْتَھَا عَلَیْہِ O وَأَعُوْذُبِکَ مِنْ شَرِّھَا وَشَرِّمَا جَبِلْتَھَا عَلَیْہِO

ترجمہ:.....اے اللہ میں تجھ سے اس کی بھلائی اور اس کے عادات واخلاق کی بھلائی کا سوال کرتا ہوں اور اس کے شر اور اس کے اخلاق وعادات کے شر سے تیری پناہ مانگتا ہوں

(نسائی ابوداؤد)

۱۰.....برے رشتے سے بچنے کا پہلا وظیفہ:

اَللّٰھُمَّ إِنِّیْ أَعُوْذُبِکَ مِنِ امْرَأَۃٍ تُشَیِّبُنِیْ قَبْلَ الْمَشِیْبِ O وَأَعُوْذُبِکَ مِنْ وَلَدٍ یَّکُوْنُ عَلَیَّ وَبَالاً O وَّأَعُوْذُبِکَ مِنْ مَالٍ یَّکُوْنُ عَلَیَّ عَذَابًا O

ترجمہ:.....اے اللہ ! میں تیری پناہ چاہتا ہوں ایسی عورت سے جو مجھے بوڑھا کردے بڑھاپے سے پہلے اور تیری پناہ چاہتا ہوں ایسی اولاد سے جو میرے لئے وبال ہو اور تیری پناہ چاہتا ہوں ایسے مال سے جو مجھ پر عذاب کا سبب بنے۔

(مجمع الزوائد:۱۰/۱۸۳)

۱۱.....برے رشتے سے بچنے کا دوسرا وظیفہ:

اَللّٰھُمَّ إِنِّیْ أَعُوْذُبِکَ مِنْ فِتْنَۃِ النِّسَاءِ O أَللّٰھُمَّ إِنِّیْ أَعُوْذُبِکَ مِنْ کُلِّ عَمَلٍ یُّخْزِیْنِیْ O وَأَعُوْذُبِکَ مِنْ کُلِّ صَاحِبٍ یُّؤْذِیْنِیْ O وَأَعُوْذُبِکَ مِنْ کُلِّ أَمَلٍ یُّلْھِیْنِیْ O

ترجمہ:..... اے اللہ ! میں تیری پناہ چاہتا ہوں عورتوں کے فتنے سے، اے اللہ میں تیری پناہ چاہتا ہوں ہر اس عمل سے جو مجھ کو رسوا کردے اور تیری پناہ چاہتا ہوں ہر اس ساتھی سے جو مجھے تکلیف دے اور پناہ چاہتا ہوں ایسی امید سے جو مجھے (تیری یاد سے) غافل کردے۔

(کنز العمال:۲/۱۸۹)

۱۲..... برے شوہر، سسرال سے بچنے کا پہلا وظیفہ:

اَللّٰھُمَّ إِنِّیْ أَعُوْذُبِکَ مِنْ خَلِیْلٍ مَّاکِرٍ عَیْنَاہُ تَرَیَانِیْ وَقَلْبُہٗ یَرْعَانِیْ إِنْ رَأٰی حَسَنَۃً دَفَنَھَا ، وَإِنْ رَأٰی سَیِّئَۃً أَذَاعَھَاO

اے اللہ! میں تیری پناہ لیتی ہوں ایسے مکار دوست (برے شوہر) سے جس کی آنکھیں مجھ کو دیکھیں اور اس کا دل میری ٹوہ میں لگا رہے (یعنی میرے عیب ڈھونڈنے کی ہر وقت فکر

www.ahnafmedia.com

سوار ہو) اگر کوئی نیکی دیکھے تو اس کو چھپالے اور برائی دیکھے تو اس کو پھیلاتا رہے۔ (جامع صغیر ص ۵۹)

۱۳.....برے شوہر، سسرال سے بچنے کا دوسرا وظیفہ:

اَللّٰھُمَّ لَا تُسَلِّطْ عَلَیَّ بِذُنُوْبِیْ مَنْ لَایَخَافُکَ فِیَّ وَلَا یَرْحَمُنِیْ O

اے اللہ! مجھ پر میرے گناہوں کی وجہ سے کوئی ایسا شوہر یا سسرال مسلط نہ فرما جو میرے بارے میں آپ سے نہ ڈرے اور نہ مجھ پر ترس کھائے (یعنی ظالم شوہر یا سسرال سے میری حفاظت فرما)۔

۱۴.....اچھا رشتہ ملنے کی اہم دعاء:

ماں باپ بڑے بہن بھائی کو چاہئے کہ بچوں اور چھوٹے بھائی بہنوں کو جوان ہونے کے بعد ایسی دعائیں یاد کروادیں جن میں (اچھے رشتے کا ملنا اور عافیت کے ساتھ زندگی کا گزرنا) طلب کیا گیا ہے چونکہ یہ دعائیں خود اللہ ہی نے بتائی ہیں گویا آقا خود ہی بتلا رہا ہے کہ ہمارے دربار میں ہم سے اس طرح مانگو۔ لہذا وہ دعائیں قبولیت کے اعتبار سے زیادہ قریب ہیں۔

رَبَّنَا هَبْ لَنَا مِنْ أَزْوَاجِنَا وَذُرِّيّٰتِنَا قُرَّةَ أَعْيُنٍ ، وَّاجْعَلْنَا لِلْمُتَّقِيْنَ اِمَامًا O

ترجمہ:..... اے ہمارے رب! عنایت فرما ہم کو ہماری بیویوں اور اولاد کی طرف سے آنکھوں کی ٹھنڈک اور کر ہم کو پرہیزگاروں کا پیشوا۔

اللہ تعالیٰ نے اس دعا کو اپنے خاص بندوں کی دعا فرمایا ہے۔ یہ دعا ہر مرد و عورت کو زندگی بھر مانگتے رہنا چاہئے، بہت مبارک دعا ہے اس میں شوہر، بیوی، بچے خاندان سب کے لئے دنیا و آخرت دونوں کی دعائیں آگئیں۔

۱۵.....شادی کے بعد کی پہلی دعا:

شادی ہونے کے بعد اس کو پڑھنے سے میاں بیوی کے درمیان محبت والفت پیدا ہوتی ہے:

اَللّٰھُمَّ أَلِّفْ بَيْنِیْ وَبَيْنَ زَوْجَتِیْ ، كَمَا أَلَّفْتَ بَيْنَ مُحَمَّدٍ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَخَدِيْجَةَ رَضِیَ اللّٰهُ عَنْهَا O أَللّٰھُمَّ أَلِّفْ بَيْنِیْ وَبَيْنَ زَوْجِیْ ، كَمَا أَلَّفْتَ بَيْنَ مُحَمَّدٍ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَ عَائِشَةَ رَضِیَ اللّٰهُ تَعَالٰى عَنْهَا O

ترجمہ:..... اے اللہ! میرے اور میرے شوہر کے دلوں میں محبت اور الفت ایسے بھر دے اور ہمارے دلوں کو ایسے ملادے جیسے آپ نے محمد ﷺ اور حضرت خدیجہ رضی اللہ عنہا کے دلوں کو ملا دیا تھا، اے اللہ! میرے اور شوہر کے دلوں کو ایسا ملادے جیسے آپ نے محمد ﷺ اور حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا کے دلوں کو الفت و محبت سے ملا دیا تھا۔

۱۶.....شادی کے بعد کی دوسری دعا:

اَللّٰھُمَّ كَمَا جَمَعْتَنَا فِی الدُّنْيَا فَاجْمَعْ بَيْنَنَا فِی الْجَنَّةِ O

www.ahnafmedia.com

اے اللہ ! جس طرح آپ نے اپنے کرم سے ہمیں دنیا میں اکٹھا فرمادیا جنت میں بھی ہم دونوں کو اکٹھا فرما۔

۱۷.....شادی کے بعد کی تیسری دعا:

اَللّٰھُمَّ اجْعَلْنِیْ لِزَوْجِیْ قُرَّۃَ أَعْیُنٍ فِی الدُّنْیَا وَالْآخِرَۃِ O

ترجمہ:.....اے اللہ! مجھے اپنے شوہر کے لئے دنیا وآخرت دونوں میں آنکھوں کی ٹھنڈک بنا۔

۱۸.....عورتوں کے لئے ایک اہم دعاء

اَللّٰھُمَّ اھْدِنِیْ لِأَحْسَنِ الْأَخْلَاقِ وَالْأَعْمَالِ وَالْأَقْوَالِ، فَإِنَّہٗ لَایَھْدِیْ لِأَحْسَنِھَا إِلَّا أَنْتَ ، وَاصْرِفْ عَنِّیْ سَیِّئَھَا ، فَإِنَّہٗ لَایَصْرِفُ عَنِّیْ سَیِّئَھَا إِلَّا أَنْتَ O

اے اللہ ! مجھے اچھے اخلاق نصیب فرما اچھے اعمال اور اچھی باتوں کا ڈھنگ عطا فرما، بے شک آپ کے سوا بھلائیاں کوئی نہیں دے سکتا اور برے اخلاق مجھ سے دور کردے بے شک آپ کے سوا کوئی برے اخلاق دور نہیں کرسکتا۔

(سنن ترمذی:۲/۱۷۹،۱۸۰)

❁❁.....❁❁

باب دوم

میاں بیوی سے متعلق مجرب وظائف

www.ahnafmedia.com

باب دوم

میاں بیوی سے متعلق مجرب وظائف

۱۹.....زوجین میں محبت کے لئے پہلا وظیفہ:

شب جمعہ میں نصف رات کے گزر جانے کے بعد باوضو تین مرتبہ یہ دعا پڑھے:

فَإِنْ تَوَلَّوْا فَقُلْ حَسْبِيَ اللّٰهُ، لَا إِلٰهَ إِلَّا هُوَ، عَلَيْهِ تَوَكَّلْتُ، وَهُوَ رَبُّ الْعَرْشِ الْكَرِيْمِ.O

اس کے بعد پھر یہ کہے:

اَللّٰهُمَّ أَنْتَ الرَّبُّ حَسْبِيْ (مِنْ فُلَانِ بْنِ فُلَانَةٍ اَوْ فلانة بن فلان) اَعْطِفْ قَلْبَهٗ، أَوْ قَلْبَهَا إِلَيَّ، وَذَلِّلْهُ، اَوْ ذَلِّلْهَا إِلَيَّ O

اگر یہ وظیفہ پڑھنے والی عورت ہے تو فلاں بن فلاں کی جگہ اس شخص یعنی شوہر کا نام لے جس کی محبت مطلوب ہے اور (اگر یہ وظیفہ پڑھنے والا مرد یعنی شوہر ہے تو) فلانہ بنت فلانہ اس کا نام اور اسکی ماں کا نام لے۔

بقول حضرت مولانا انور شاہ کشمیری رحمہ اللہ تعالیٰ کے کہ یہ وظیفہ آزمودہ

یعنی مجرب ہے۔ (گنجینہ اسرار)

خلاصہ یہ ہے کہ مرد یوں پڑھے: اَللّٰهُمَّ أَنْتَ الرَّبُّ حَسْبِيْ (اب بیوی اور اس کی ماں کا نام لے) أَعْطِفْ قَلْبَهَا إِلَيَّ وَذَلِّلْهَا إِلَيَّ۔

عورت یعنی بیوی یہ وظیفہ پڑھے: اَللّٰهُمَّ أَنْتَ الرَّبُّ حَسْبِيْ أَعْطِفْ قَلْبَهٗ إِلَيَّ وَذَلِّلْهُ إِلَيَّ.

۲۰.....زوجین میں محبت کے لئے دوسرا وظیفہ:

میاں بیوی کی محبت اگر مطلوب ہو تو ہرن کی جھلی پر مشک و زعفران اور گلاب سے درج ذیل آیت لکھے اور طالب اپنے پاس رکھے، انشاء اللہ العزیز مطلوب راضی ہو جائے گا:

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ عَسَى اللّٰهُ أَنْ يَجْعَلَ بَيْنَكُمْ وَبَيْنَ الَّذِيْنَ عَادَيْتُمْ مِّنْهُمْ مَوَدَّةً وَاللّٰهُ قَدِيْرٌ وَاللّٰهُ غَفُوْرٌ رَّحِيْمٌ وَصَلَّى اللّٰهُ تَعَالٰى عَلٰى خَيْرِ خَلْقِهٖ سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّآلِهٖ وَأَصْحَابِهٖ أَجْمَعِيْنَ.

(کمالات عزیزی)

۲۱.....میاں بیوی میں مثالی محبت کا مجرب درود:

میاں بیوی میں مثالی الفت و محبت پیدا کرنا مطلوب ہو یا دونوں میں سے کوئی ایک ناراض ہو اور اس کو راضی کرنا مقصود ہو تو پھر پھولوں پر یا مشک و عنبر کی خوشبو پر جو بھی خوشبو میسر آجائے اس پر یہ درود شریف ۴۵۰ بار دم کر کے دونوں میاں بیوی سونگھیں ان شاء اللہ دونوں ایک دوسرے کو چاہنے لگیں گے آزمودہ ہے

www.ahnafmedia.com

مدت عمل اکتالیس دن ہے، نیز اگر مطلوبہ شخص دور ہو تو چینی پر دم کر کے چیونٹیوں کو ڈال دیا کریں انشاء اللہ زوجین کے قلوب ایک دوسرے کی طرف مائل ہونے لگیں گے۔

اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی مُحَمَّدٍ مُعَطِّرَ الرُّوْحِ وَآلِہٖ الطَّیِّبِیْنَ الطَّاھِرِیْنَ صَلَاۃً تُعَطِّرُنَا بِھَا وَبَارِکْ وَسَلِّمْ○

ترجمہ: .....اے اللہ! رحمت نازل فرما حضرت محمد ﷺ پر جو روح کو معطر کرنے والے ہیں اور آپ ﷺ کی آل (یعنی اہل بیت) پاک پر ایسی رحمت کہ آپ ﷺ اس کے ذریعے ہمیں معطر کر دیں، اور برکت اور سلام نازل فرما۔

۲۲..... قلبی محبت کے لئے وظیفہ:

اس آیت کا شیرینی پر دم کر کے جسکو کھلائے ان شاء اللہ اس سے محبت ہو جائے گی۔ (اعمال قرآنی)

یُحِبُّھُمْ وَیُحِبُّوْنَہٗ أَذِلَّۃٍ عَلَی الْمُؤْمِنِیْنَ أَعِزَّۃٍ عَلَی الْکٰفِرِیْنَ . (مائدہ: ۵۴)

۲۳..... ناراض شوہر کو راضی کرنے کا پہلا وظیفہ:

جس عورت کا شوہر ناراض ہو، وہ اپنے شوہر کو یہ درج ذیل آیت مٹھائی پر دم کر کے کھلائے، انشاء اللہ اس کی ناراضگی دور ہو جائے گی۔ (عملیات کشمیری)

وَمِنَ النَّاسِ مَنْ یَّتَّخِذُ مِنْ دُوْنِ اللّٰہِ أَنْدَادًا

یُحِبُّوْنَھُمْ کَحُبِّ اللّٰہِ وَالَّذِیْنَ آمَنُوْا أَشَدُّ حُبًّا لِلّٰہِ وَلَوْ یَرَی الَّذِیْنَ ظَلَمُوْا إِذْ یَرَوْنَ الْعَذَابَ أَنَّ الْقُوَّۃَ لِلّٰہِ جَمِیْعًا وَّأَنَّ اللّٰہَ شَدِیْدُ الْعَذَابِ

۲۴..... ناراض شوہر کو راضی کرنے کا دوسرا وظیفہ:

حضرت تھانویؒ نے تحریر فرمایا ہے کہ نماز عشاء کے بعد گیارہ دانے کالی مرچ کے لیکر آگے پیچھے گیارہ بار درود شریف پڑھے اور درمیان میں گیاری تسبیح " یَالَطِیْفُ یَا وَدُوْدُ " پڑھیں اور خاوند کے مہربان ہونے کا خیال رکھیں، جب سب پڑھ چکیں تو ان کالی مرچوں پر دم کر کے تیز آنچ میں ڈال دیں اور اللہ تعالی سے دعا کریں۔ انشاء اللہ خاوند مہربان ہو جائے گا، یہ عمل کم از کم چالیس روز تک کریں۔

۲۵..... میاں کی محبت یا بیوی کی محبت کا مجرب وظیفہ:

قَدْ شَغَفَھَا حُبًّا اور یَا وَدُوْدُ مغرب کی نماز کے بعد تین سو مرتبہ پڑھ کر گڑ پر دم کر کے شوہر کی محبت مطلوب ہو یا بیوی کی محبت، تو جس کی محبت مطلوب ہو اس کو کھلائے، انشاء اللہ مطلوب اس کے کھاتے ہی بے قرار ہو جائے گا۔

نیز یہ عمل ان دو اشخاص کے لئے بھی مفید ہے جو ایک دوسرے کے جان کے دشمن ہوں

۲۶..... محبت بڑھانے کا مجرب وظیفہ:

اگر جمعرات کو درج ذیل عمل لکھ کر تکیہ کے اندر رکھ دیا جائے اور وہ تکیہ

www.ahnafmedia.com

مطلوب کے سر کے نیچے رہے، اگر اس تکیہ پر طالب کا سر بھی ہو تو کوئی مضائقہ نہیں، انشاء اللہ درمیان خاوند و زوجہ کے محبت زیادہ ہوگی۔ یہ مجرب ہے۔ وہ عمل یہ ہے:

فَاصْلِحُوْا بَيْنَهُمَا فَابْعَثُوْا حَكَمًا مِّنْ أَهْلِهٖ وَحَكَمًا مِّنْ أَهْلِهَا إِنْ يُّرِيْدَا اِصْلٰحًا يُّوَفِّقِ اللّٰهُ بَيْنَهُمَا إِنَّ اللّٰهَ كَانَ عَلِيْمًا حَكِيْمًا O

اور

يُصْلِحْ لَكُمْ أَعْمَالَكُمْ وَيَغْفِرْ لَكُمْ ذُنُوْبَكُمْ وَمَنْ يُّطِعِ اللّٰهَ وَرَسُوْلَهٗ فَقَدْ فَازَ فَوْزًا عَظِيْمًا O

اور

عَسَى اللّٰهُ أَنْ يَّجْعَلَ بَيْنَكُمْ وَبَيْنَ الَّذِيْنَ عَادَيْتُمْ مِّنْهُمْ مَوَدَّةً وَّاللّٰهُ قَدِيْرٌ وَّاللّٰهُ غَفُوْرٌ رَّحِيْمٌ O

انشاء اللہ اس عمل سے محبت زیادہ ہوگی۔ (آئینہ عملیات: ۳۳)

۲۷.....میاں بیوی میں اتفاق پیدا کرنیکا پہلا وظیفہ:

جس عورت کا خاوند اس سے ناراض یا اس کا مخالف ہو تو وہ عشاء کی نماز کے بعد ایک سو مرتبہ یہ پڑھے: يَا حَنَّانُ يَا حَلِيْمُ

اور اگر عورت ناراض ہو تو خاوند یہی عمل کرے۔ (از تحفہ صندلیہ: ۳۰)

۲۸.....ظالم شوہر کے ظلم سے نجات اور تنگ دستی سے حفاظت کے لئے آزمودہ درود شریف:

اگر شوہر مار پیٹ اور ظلم و ستم کرتا ہو یا کوئی تنگ دستی یا محتاجی کا شکار ہو تو وہ یہ

درود شریف بعد نماز فجر اور بعد نماز مغرب یا عشاء ۱۷ بار پڑھ کر دعا کرے تو انشاء اللہ تعالیٰ شوہر بیوی پر مہربان ہو جائے گا اور محتاجی و تنگدستی سے بھی محفوظ رہے گا۔

اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ، صَاحِبِ الْفَرْقِ وَالْفُرْقَانِ وَجَامِعِ الْوَرَقِ وَمُنْزِلُهٗ مِنْ سَمَاءِ الْقُرْآنِ، وَعَلٰى آلِ مُحَمَّدٍ وَّسَلِّمْ O

۲۹.....نئی دلہن کے لئے خاص وظیفہ:

نئی دلہن کی پیشانی پکڑ کر دولہا درج ذیل دعا پڑھے:

اَللّٰهُمَّ إِنِّيْ أَسْئَلُكَ مِنْ خَيْرِهَا وَخَيْرِ مَاجَبَلْتَهَا عَلَيْهِ O وَأَعُوْذُبِكَ مِنْ شَرِّهَا وَشَرِّمَا جَبَلْتَهَا عَلَيْهِ O

ترجمہ:.....اے اللہ میں تجھ سے اس کی بھلائی اور اس کے عادات و اخلاق کی بھلائی کا سوال کرتا ہوں اور اس کے شر اور اس کے اخلاق و عادات کے شر سے تیری پناہ مانگتا ہوں۔ (نسائی ابوداؤد)

۳۰.....گھریلو اختلافات دور کرنے کا وظیفہ:

زکوۃ: بدھ کی رات گیارہ سو مرتبہ اول آخر گیارہ گیارہ مرتبہ درود قادری کے ساتھ پڑھیں۔

علاج: گیارہ مرتبہ یہ دعا پڑھ کر کسی چیز پر دم کر کے کھلا، پلا دیں۔ (تحفہ صندلیہ: ۴۰)

www.maktabah.org

وَلَـهٗ أَسْلَمَ مَنْ فِی السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ طَوْعًا
وَّكَرْهًا وَّاِلَيْهِ تُرْجَعُوْنَ O (ال عمران ۸۳)

۳۱.....اہل خاندان کی باہمی محبت کے لئے وظیفہ:

درج ذیل وظیفہ روزانہ اکتالیس مرتبہ پڑھیں یا کھانے پینے کی اشیاء پر گیارہ مرتبہ پڑھ کردم کر کے سب گھر والوں کو کھلائیں پلائیں۔(تحفہ صندلیہ)

وَلَـهٗ أَسْلَمَ مَنْ فِی السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ طَوْعًا
وَّكَرْهًا وَّاِلَيْهِ تُرْجَعُوْنَO (ال عمران ۸۳)
هُوَ الَّذِیْ أَيَّدَكَ بِنَصْرِهٖ وَبِالْمُؤْمِنِيْنَ وَأَلَّفَ بَيْنَ
قُلُوْبِهِمْ لَوْ أَنْفَقْتَ مَا فِی الْاَرْضِ جَمِيْعًا مَّا أَلَّفْتَ
بَيْنَ قُلُوْبِهِمْ وَلٰكِنَّ اللّٰهَ أَلَّفَ بَيْنَهُمْ اِنَّهٗ عَزِيْزٌ
حَكِيْمٌ O (الانفال ۶۳،۶۲)
يَا رَحْمٰنَ كُلِّ شَیْءٍ وَرَاحِمَهٗ اَذِلَّةٍ عَلَى الْمُؤْمِنِيْنَ
أَعِزَّةٍ عَلَى الْكَافِرِيْنَ O

۳۲.....دلی محبت کے لئے پہلا وظیفہ:

محبت کے لئے درج ذیل آیت کو شیرینی پر دم کر کے کھلائے دلی محبت انشاء اللہ ہو جائے گی۔(اعمال قرآنی:۲۵)

هُوَ الَّذِیْ أَيَّدَكَ بِنَصْرِهٖ وَبِالْمُؤْمِنِيْنَ وَأَلَّفَ بَيْنَ
قُلُوْبِهِمْ لَوْ أَنْفَقْتَ مَا فِی الْاَرْضِ جَمِيْعًا مَّا أَلَّفْتَ
بَيْنَ قُلُوْبِهِمْ وَلٰكِنَّ اللّٰهَ أَلَّفَ بَيْنَهُمْ اِنَّهٗ عَزِيْزٌ

حَكِيْمٌ (الانفال ۶۳،۶۲)

۳۳.....دلی محبت کے لئے دوسرا وظیفہ:

محبت کے لئے درج ذیل آیت کو شیرینی پر دم کر کے کھلائے دلی محبت انشاء اللہ ہو جائے گی۔(اعمال قرآنی:۲۷)

يُوْسُفُ أَعْرِضْ عَنْ هٰذَا وَاسْتَغْفِرِیْ لِذَنْبِكِ
اِنَّكِ كُنْتِ مِنَ الْخَاطِئِيْنَ وَقَالَ نِسْوَةٌ فِی
الْمَدِيْنَةِ امْرَأَةُ الْعَزِيْزِ تُرَاوِدُ فَتٰهَا عَنْ نَفْسِهٖ قَدْ
شَغَفَهَا حُبًّا اِنَّا لَنَرٰهَا فِیْ ضَلٰلٍ مُّبِيْنٍ .
(یوسف: ۳۰،۲۹)

۳۴.....دلی محبت کے لئے تیسرا وظیفہ:

محبت کے لئے درج ذیل آیت کو شیرینی پر دم کر کے کھلائے دلی محبت انشاء اللہ ہو جائے گی۔(اعمال قرآنی:۳۴)

اِنِّیْ أَحْبَبْتُ حُبَّ الْخَيْرِ عَنْ ذِكْرِ رَبِّیْ حَتّٰى
تَوَارَتْ بِالْحِجَابِ رُدُّوْهَا عَلَیَّ فَطَفِقَ مَسْحًا
بِالسُّوْقِ وَالْاَعْنَاقِ .(ص: ۳۳،۳۲)

۳۵.....دلی محبت وترقی روزگار کا چوتھا وظیفہ:

اگر تعویذ بنا کر باندھے اس کی بیوی اس کو بہت چاہنے لگے۔

وَقَالَ الْمَلِكُ ائْتُوْنِیْ بِهٖ اَسْتَخْلِصْهُ لِنَفْسِیْ فَلَمَّا

www.ahnafmedia.com

كَلَّمَهُ قَالَ اِنَّكَ الْيَوْمَ لَدَيْنَا مَكِيْنٌ اَمِيْنٌ قَالَ اجْعَلْنِيْ عَلٰى خَزَائِنِ الْاَرْضِ اِنِّيْ حَفِيْظٌ عَلِيْمٌ وَكَذٰلِكَ مَكَّنَّا لِيُوْسُفَ فِي الْاَرْضِ يَتَبَوَّاُ مِنْهَا حَيْثُ يَشَاءُ نُصِيْبُ بِرَحْمَتِنَا مَنْ نَشَاءُ وَلَا نُضِيْعُ أَجْرَ الْمُحْسِنِيْنَ (یوسف: ۵۴، ۵۵، ۵۶)

جس کو روزگار نہ ملتا ہو یا روزگار سے معطل ہو گیا ہو مہینہ میں جو اول جمعرات و جمعہ آئے ان میں روزہ رکھے اور شب جمعہ میں بستر پر لیٹتے وقت یہ سورۃ پڑھے پھر جمعہ کے دن مابین ظہر اور عصر کے اس سورت کو لکھے پھر افطار کر کے اس سورت کو پڑھے پھر عشاء پڑھ کر اس سورت کو پڑھے پھر بستر پر جا کر کے اس سورت کو پڑھے اور سو بار لاالہ الا اللہ کہے اور سو بار اللہ اکبر اور سو بار الحمد للہ اور سو بار سبحان اللہ اور سو بار درود شریف پڑھے پھر سو رہے جب صبح ہو گھر سے نکل کر لکھی ہوئی سورت کو تعویذ بنا کر باندھ لیوے اور پختہ عہد اور نیت کرے کہ کسی پر کبھی ظلم نہ کروں گا اور اپنے حق سے زیادتی نہ کروں گا۔ انشاء اللہ اسی ہفتہ میں یا کچھ زیادہ میں برسر روزگار ہو جائے گا۔ جو شخص پڑھنا نہ جانتا ہو وہ لکھے ہوئے کو سرتلے رکھ لے باقی لاالہ الااللہ بدستور باقی کہے۔ (اعمال قرآنی)

۳۶.....دلی محبت کے لئے پانچواں وظیفہ:

سورۃ القدر (پ ۳۰) جس سے محبت ہو اس سے موئے ناصیہ پکڑ کر یہ سورت پڑھے تو کوئی امر ناگوار اس سے سرزد نہ ہوگا۔ (اعمال قرآنی: ۱۴۶)

۳۷.....دلی محبت کے لئے چھٹا وظیفہ:

ہر روز ہزار بار المغنی پڑھے تو اس سے تونگری حاصل ہوگی۔ اور اگر

جماع میں مشغولیت کے وقت اس لفظ کو خیال سے پڑھے تو بیوی اس (شوہر) سے محبت کرنے لگے۔ (اسرار اسمائے ربانی ضمیمہ اعمال قرآنی: ۲۱۹)

۳۸.....دلی محبت کے لئے ساتواں وظیفہ:

اَلْوَدُوْدُ

اگر اسے کھانے پر ایک ہزار بار پڑھ کر بی بی کے ساتھ کھائے تو وہ محبت کرنے والی بن جائے اور فرمانبردار ہو جائے۔ (اعمال قرآنی: ۲۱۳)

۳۹.....دلی محبت کے لئے آٹھواں وظیفہ:

سات سو چھیاسی مرتبہ "بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ" پانی پر دم کر کے جس کو پلائے اس کو (اس سے) گہری محبت ہو جائے۔ ناجائز کاموں میں استعمال کرے گا تو وبال کا خطرہ ہے۔ (بسم اللہ اور درود شریف کے مجرب خواص: ۲۲۷ ضمیمہ اعمال قرآنی)

۴۰.....دلی محبت کے لئے نواں وظیفہ:

اگر زوجین میں سے کسی کو دوسرے سے نفرت اور محبت نہ ہو، تو درج ذیل آیات کو لکھ کر محبّ (محبت چاہنے والا) اپنے پاس رکھے اور نمک یا مٹھائی پر پڑھ کر محبوب کو کھلا دیں۔ فلانہ کی جگہ محبوب اور فلاں کی جگہ محبّ کا نام لکھیں: وہ آیات یہ ہیں: (بہشتی زیور)

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ وَاَلْقَيْتُ عَلَيْكَ مَحَبَّةً مِّنِّيْ وَلِتُصْنَعَ عَلٰى عَيْنِيْ اِذْ تَمْشِيْ اُخْتُكَ

www.ahnafmedia.com

فَتَقُوْلُ هَلْ أَدُلُّكُمْ عَلٰى مَنْ يَكْفُلُهٗ فَرَجْعَنَكَ إِلٰى أُمِّكَ كَىْ تَقَرَّ عَيْنُهَا وَ لَا تَحْزَنَ وَقَتَلْتَ نَفْسًا فَنَجَّيْنَاكَ مِنَ الْغَمِّ وَفَتَنَّاكَ فُتُوْنًا . يَا مُقَلِّبَ الْقُلُوْبِ وَيَا مُسَخِّرَ السَّمٰوَاتِ السَّبْعَ وَالْأَرْضِيْنَ السَّبْعَ قَلِّبْ لِفُلَانَةٍ قَلْبَ فُلَانٍ بِالْخَيْرِ لِأَدَاءِ الْحُقُوْقِ يَا وَدُوْدُ حَبِّبْ يَا وَدُوْدُ حَبِّبْ يَاوَدُوْدُ.

۴۱.....شوہر کو مہربان کرنے کیلئے وظیفہ:

جس کا شوہر ناراض ہو اس آیت کو شیرینی پر پڑھ کر کھلائے ان شاء اللہ تعالیٰ مہربان ہوجائے گا مگر واضح رہے کہ ناجائز محل میں ہرگز اس کا اثر نہ ہوگا۔(اعمال قرآنی:۱۷)

وَمِنَ النَّاسِ مَنْ يَّتَّخِذُ مِنْ دُوْنِ اللّٰهِ اَنْدَادًا يُّحِبُّوْنَهُمْ كَحُبِّ اللّٰهِ وَالَّذِيْنَ آمَنُوْا اَشَدُّ حُبًّا لِّلّٰهِ وَلَوْ يَرَى الَّذِيْنَ ظَلَمُوْا اِذْ يَرَوْنَ الْعَذَابَ اَنَّ الْقُوَّةَ لِلّٰهِ جَمِيْعًا وَّاَنَّ اللّٰهَ شَدِيْدُالْعَذَابِ (بقرہ:۱۶۵)

باب سوم

اولاد سے متعلق مجرب وظائف

WWW.NAFSEISLAM.COM

باب سوم

اولاد سے متعلق مجرب وظائف

۴۲.....اولاد کی کامیابی کے لئے بہترین درود شریف

اگر کوئی شخص بعد نماز فجر اور بعد نماز مغرب ۱۷ مرتبہ اور دیگر نمازوں کے بعد سات بار یہ درود شریف پابندی سے پڑھا کرے تو انشاء اللہ العزیز اس کو اور اس کی اولاد کو معاشرے میں باعزت مقام حاصل رہے گا۔

اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی سَیِّدِ الْعٰلَمِیْنَ حَبِیْبِکَ مُحَمَّدٍ وَّآلِہٖ صَلٰوۃً اَنْتَ لَھَا اَھْلٌ ○ وَبَارِکْ وَسَلِّمْ کَذٰلِکَ ○

ترجمہ:.....اے اللہ! رحمت نازل فرما، جہانوں کے سردار اپنے حبیب حضرت محمد ﷺ پر آپ کی آل پر ایسی رحمت جو تیرے شایان شان ہو اور اسی طرح برکت اور سلام نازل فرما۔

۴۳.....اولاد کی پیدائش کے لئے پہلا وظیفہ:

جس کی اولاد نہ ہوتی ہو وہ اس آیت کو بکثرت پڑھے تو انشاء اللہ مقصد پورا

ہوگا۔

رَبِّ ھَبْ لِیْ مِنْ لَّدُنْکَ ذُرِّیَّۃً طَیِّبَۃً ، اِنَّکَ سَمِیْعُ الدُّعَاءِ ○ (سورہ آل عمران: آیت نمبر:۳۸)

ترجمہ:.....اے میرے رب عنایت کیجئے مجھ کو خاص اپنے پاس سے کوئی اچھی اولاد، بے شک آپ بہت سننے والے ہیں دعاء کے۔ (ترجمہ حضرت تھانوی)

۴۴.....اولاد کی پیدائش کے لئے دوسرا وظیفہ:

دوسرا وظیفہ یہ ہے کہ شب جمعہ میں نصف رات کے بعد مٹھائی یا حلوے کے ٹکڑے پر کسی ایسی جگہ بیٹھ کر جہاں کوئی نہ دیکھے مندرجہ ذیل آیت لکھے اور اسے عورت کو کھلائے اور پھر جماع کرے، تین بار شب جمعہ کو یہ عمل کرے، انشاء اللہ اس عمل کی برکت سے ضرور بچہ پیدا ہوگا۔

یٰاَیُّھَا النَّاسُ اتَّقُوْا رَبَّکُمُ الَّذِیْ خَلَقَکُمْ مِنْ نَّفْسٍ وَّاحِدَۃٍ ، وَّخَلَقَ مِنْھَا زَوْجَھَا ، وَبَثَّ مِنْھُمَا رِجَالًا کَثِیْرًا وَّنِسَاءً ، وَّاتَّقُوْا اللّٰہَ الَّذِیْ تَسَاءَلُوْنَ بِہٖ وَالْاَرْحَامَ ، اِنَّ اللّٰہَ کَانَ عَلَیْکُمْ رَقِیْبًا ○

۴۵.....ولادت میں سہولت کے لئے پہلا وظیفہ:

مندرجہ ذیل دعاء لکھ کر عورت کی ران پر باندھنے اور اسے لکھ کر پلانے سے ولادت میں آسانی ہوتی ہے، یہ نہایت مجرب عمل ہے، وہ دعاء یہ ہے:

سورہ اخلاص، سورہ الفلق، سورۃ الناس، سورۃ انشقاق کی پہلی چاروں آیات

نیز ہر سورت کی ابتداء سے پہلے بسم اللہ الرحمٰن الرحیم مکمل لکھنا ضروری ہے، اس کے بعد یہ دعاء لکھے:

أَللّٰهُمَّ يَامُخَلِّصَ النَّفْسِ ، يَا عَلِيْمُ ، يَا قَدِيْرُ خَلِّصْ (فَلَانَةً) مِمَّا فِيْ بَطْنِهَا مِنْ وَّلَدِهَا خَلَاصًا فِيْ عَافِيَةٍ ، إِنَّكَ أَنْتَ أَرْحَمُ الرَّاحِمِيْنَ ○

۴۶.....ولادت میں سہولت کے لئے دوسرا وظیفہ:

جو عورت دردزہ میں مبتلا ہو، اس کے شکم یا کمر پر درج ذیل آیت دم کرے یا لکھ کر باندھ دے تو ولادت آسانی کے ساتھ ہو جائے گی۔ وہ آیت یہ ہے:

أَوَلَمْ يَرَ الَّذِيْنَ كَفَرُوْا أَنَّ السَّمٰوٰتِ وَالْأَرْضَ كَانَتَا رَتْقًا فَفَتَقْنٰهُمَا وَجَعَلْنَا مِنَ الْمَآءِ كُلَّ شَيْئٍ حَيٍّ أَفَلَا يُؤْمِنُوْنَ . (اعمال قرآنی)

۴۷.....ولادت میں سہولت کے لئے تیسرا وظیفہ:

سورۃ الذاریات لکھ کر حاملہ عورت کو باندھنے سے ولادت میں آسانی ہوتی ہے۔ (اعمال قرآنی: ۱۳۷)

۴۸.....ولادت میں سہولت کے لئے چوتھا وظیفہ:

سورۃ الواقعہ لکھ کر حاملہ عورت کو باندھنے سے ولادت میں آسانی ہوتی ہے۔
(اعمال قرآنی)

۴۹.....نس بندی ختم کرنے کا پہلا وظیفہ:

اگر کسی نے جادو وغیرہ کے ذریعہ نس بندی کر دی ہو جس کی وجہ سے جماع پر قادر نہ ہو تو ایک تلوار کے اوپر یہ عمل لکھ کر اس تلوار سے سیاہ مرغی کا ایک انڈہ (ابال کر) ٹھیک درمیان سے کاٹ کر اس کے دو حصے کرے، ایک حصہ عورت کھالے اور دوسرا حصہ مرد کھالے، انشاء اللہ اس عمل کی برکت سے اس کی نس بندی کھل جائے گی، بقول حضرت انور شاہ کشمیریؒ کے کہ یہ مجرب ہے، وہ عمل یہ ہے:

بکص ء "لا لا رم لا لا لا ٥٥٥"

۵۰.....نس بندی ختم کرنے کا دوسرا وظیفہ:

اگر کسی شخص کی جادو وغیرہ کے ذریعہ نس بندی کر دی گئی ہو تو کسی پاک برتن پر سورہ لم یکن الذین کفروا (سورہ بینہ) (مکمل) اس طرح سے لکھ کر کہ کوئی لفظ مٹا ہوا نہ ہو، دھو کر اسے پلایا جائے۔ یہ عمل تین دن تک کیا جائے انشاء اللہ وہ جماع پر قادر ہوگا (یعنی نس بندی کھل جائے گی۔ (از علامہ کشمیریؒ)

نیز آخری چاروں قل یعنی سورۃ الکافرون، سورۃ اخلاص، سورۃ الفلق، سورۃ الناس اور سورۃ فاتحہ صبح شام تین تین مرتبہ پڑھ کر اپنے اوپر اپنے کھانے کی چیزوں پر اور اپنے گھر کے چاروں طرف اور بستر پر پھونک مار دیا کریں سحر وغیرہ کے توڑنے کے لئے یہ مجرب عمل ہے۔

۵۱.....حفاظت حمل کا پہلا وظیفہ:

یہ آیت لکھ کر تعویذ بنا کر عورت کے گلے میں ڈال دیں بفضل رب تعالی

www.maktabah.org

اسقاط حمل نہ ہوگا (آیت یہ ہے)

وَلَبِثُوْا فِیْ كَهْفِهِمْ ثَلٰثَ مِائَةٍ سِنِیْنَ وَازْدَادُوْا تِسْعًا، قُلِ اللّٰهُ اَعْلَمُ ○

۵۲.....حفاظت حمل کا دوسرا وظیفہ:

یہ آیتیں لکھ کر حمل کے ابتدائی دنوں سے چالیس روز تک حاملہ کے باندھ دیں۔ پھر کھول کر نویں مہینہ میں دوبارہ باندھ دیں پھر بچہ ہونے کے فوراً بعد وہ عورت سے کھول کر بچہ کے گلے میں ڈال دیں۔ انشاء اللہ اس عمل کی برکت سے بچہ صحیح سالم رہے گا۔ (آیت یہ ہے) (اعمال قرآنی: ۱۲۰)

وَالَّتِیْ اَحْصَنَتْ فَرْجَهَا فَنَفَخْنَا فِیْهَا مِنْ رُّوْحِنَا وَجَعَلْنٰهَا وَابْنَهَا آیَةً لِّلْعٰلَمِیْنَ ، اِنَّ هٰذِهٖ اُمَّتُكُمْ اُمَّةً وَّاحِدَةً ، وَّاَنَا رَبُّكُمْ فَاعْبُدُوْنِ ، وَتَقَطَّعُوْا اَمْرَهُمْ بَیْنَهُمْ، كُلٌّ اِلَیْنَا رَاجِعُوْنَ○

(سورۃ الانبیاء آیت ۹۱.۹۳)

۵۳.....حفاظت حمل کا تیسرا وظیفہ:

اگر حمل گر جانے کا خوف ہو یا حمل نہ ٹھہرتا ہو تو درج ذیل دونوں آیتوں کو لکھ کر عورت کے رحم پر باندھے ان شاء اللہ تعالیٰ حمل محفوظ رہے گا اور اگر نہ ٹھہرتا ہو تو قرار پائے گا۔ (اعمال قرانی: ۲۷)

اَللّٰهُ یَعْلَمُ مَا تَحْمِلُ كُلُّ اُنْثٰی وَمَا تَغِیْضُ الْاَرْحَامُ وَمَا تَزْدَادُ وَكُلُّ شَیْءٍ عِنْدَهٗ بِمِقْدَارٍ. (رعد:۸)

یٰۤاَیُّهَا النَّاسُ اتَّقُوْا رَبَّكُمْ اِنَّ زَلْزَلَةَ السَّاعَةِ شَیْءٌ عَظِیْمٌ. (حج: ۱)

۵۴.....حفاظت حمل کا چوتھا وظیفہ:

یہ آیات حفاظتِ حمل اور بچوں کو آفات اور عیوب اور بدنظری سے محفوظ رکھنے کے لئے مجرب ہے، ان آیتوں کو گلاب اور زعفران سے ہرن کی جھلی پر لکھ کر حاملہ عورت کی داہنی کوکھ میں باندھ دیں، وضع حمل تک بندھا رہے، انشاء اللہ تمام آفات سے مامون رہے گا۔ (اعمال قرآنی)

اِذْ قَالَتِ امْرَاَتُ عِمْرٰنَ رَبِّ اِنِّیْ نَذَرْتُ لَكَ مَا فِیْ بَطْنِیْ مُحَرَّرًا فَتَقَبَّلْ مِنِّیْ اِنَّكَ اَنْتَ السَّمِیْعُ الْعَلِیْمُ فَلَمَّا وَضَعَتْهَا قَالَتْ رَبِّ اِنِّیْ وَضَعْتُهَا اُنْثٰی وَاللّٰهُ اَعْلَمُ بِمَا وَضَعَتْ وَلَیْسَ الذَّكَرُ كَالْاُنْثٰی وَاِنِّیْ سَمَّیْتُهَا مَرْیَمَ وَاِنِّیْۤ اُعِیْذُهَا بِكَ وَذُرِّیَّتَهَا مِنَ الشَّیْطٰنِ الرَّجِیْمِ فَتَقَبَّلَهَا رَبُّهَا بِقَبُوْلٍ حَسَنٍ وَّاَنْۢبَتَهَا نَبَاتًا حَسَنًا وَّكَفَّلَهَا زَكَرِیَّا كُلَّمَا دَخَلَ عَلَیْهَا زَكَرِیَّا الْمِحْرَابَ وَجَدَ عِنْدَهَا رِزْقًا قَالَ یٰمَرْیَمُ اَنّٰی لَكِ هٰذَا قَالَتْ هُوَ مِنْ عِنْدِ اللّٰهِ اِنَّ اللّٰهَ یَرْزُقُ مَنْ یَّشَآءُ بِغَیْرِ حِسَابٍ.

۵۵.....حفاظت حمل کا پانچواں وظیفہ:

سورۃ الحجرات کو لکھ کر (عورت کو) پلانے سے دودھ بڑھے گا اور حمل محفوظ

رہے گا۔(اعمال قرآنی)

۵۶.....حفاظت حمل کا چھٹا وظیفہ:

سورۃ الحاقہ کو لکھ کر حاملہ عورت کو باندھنے سے بچہ (حمل) ہر آفت سے محفوظ رہے گا۔(اعمال قرآنی)

۵۷..... حفاظت حمل کا ساتواں وظیفہ:

اَلْمُبْدِئُ:

حاملہ کے بطن پر آخر شب میں پڑھے تو حمل محفوظ رہے اور ساقط نہ ہو۔(اعمال قرآنی)

۵۸.....حفاظت مال وعیال کے لئے وظیفہ:

اَلرَّقِیْبُ:

خاصیت: اس کا ذکر کرنے سے مال وعیال محفوظ رہے اور جس کی کوئی چیز گم ہو جائے اس کو بہت پڑھے انشاء اللہ تعالیٰ مل جائے اور اگر اسقاط حمل کا اندیشہ ہو تو اس کو سات مرتبہ پڑھے تو ساقط نہ ہو اور سفر کے وقت جس بال بچہ کی طرف سے فکر ہو اس کی گردن پر ہاتھ رکھ کر سات مرتبہ پڑھے تو وہ مامون رہے۔ (اعمال قرآنی)

۵۹.....بچوں کو بیماریوں سے محفوظ رکھنے کا وظیفہ:

إِنِّیْ تَوَکَّلْتُ عَلَی اللّٰہِ رَبِّیْ وَرَبَّکُمْ مَا مِنْ دَابَّۃٍ إِلَّا

